# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عفت راحت

کلاس 5 کے لئے



## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کتاب ''اندر باہر'' کلاس 5 کے بچوں کے لئے منتخب کی گئی ہے۔ یہ ایک علامتی ہلکی پھلکی نظم ہے جس میں اندر اور باہر کے ماحول کی عکاسی کی گئی ہے۔ یہ نظم اس انداز سے پڑھائی جائے کہ بچے اس ماحول اس جگہ یا وقت کو محسوس کر سکیں اور پھر ان احساسات کو اپنی تحریری صلاحیت سے اجاگر کر سکیں۔ کتاب پڑھنے یا پڑھانے کے لئے وقت یا ماحول کی کوئی قید تو نہیں ہوتی لیکن اگر اس کتاب کی منصوبہ بندی کسی بارش کے موسم کے لئے کی جائے تو زیادہ پر اثر ہو گی۔ اس گائیڈ میں 8 سیشن ہیں ہر سیشن 45 منٹ کے ایک پیریڈ پر مشتمل ہے۔ اساتذہ اپنی ضرورت کے لحاظ سے اس گائیڈ میں ترمیم و تبدیلی کر کے طلبا کے لئے کار آمد بنا سکتے ہیں۔

## سیشن 1

5 منٹ

- کلاس میں کوئی کام کر وانے سے قبل کلاس کا ماحول بہت دوستانہ ہونا ضروری ہے۔ کلاس میں غیر رسمی انداز میں ماحول یا موسم سے متعلق گفتگو کریں۔ اب آپ بچوں میں تھوڑا تجسس پیدا کریں اور کہیں ''میں آج ایک بہت دلچسپ اور مختلف کتاب شروع کر وانے والی ہوں۔ اس کتاب سے صرف وہ ہی بچے لطف اندوز ہوں گے جو بہت ذہین ہیں اور مجھے یقین ہے کہ آپ کی پوری کلاس بہت ذہین ہے۔ اس طرح بچے ذہنی طور پر تیار ہوں گے کہ وہ کوئی بہت اچھی کتاب پڑھنے والے ہیں۔ اب بچوں سے کتاب اندر باہر کھولنے کو کہیں۔ کچھ دیر انہیں کتاب اچھی طرح دیکھنے دیں تا کہ آرام سے کتاب کی ورق گردانی کرلیں اور تصاویر سے لطف اندوز ہو سکیں۔

15 منٹ

- ٹیچر خود بلند آواز اور عمدہ لب و لہجہ میں نظم پڑھ کر سنائیں' ایسے کہ بچے نظم سن کر لطف اندوز ہوں۔ اس کے بعد کلاس کے چند بچوں سے نظم پڑھوائیں۔ ان کی خوب حوصلہ افزائی کریں اور کہیں کہ اب نظم پڑھنے کا مقابلہ گروپ کی صورت میں ہو گا۔ بچوں کو 5 منٹ دیں تا کہ بچے اچھی طرح تیاری کر لیں۔ اگر کلاس کے بچے پہلے ہی ہاؤسز یا قطار کے لحاظ سے گروپس میں تقسیم ہیں تو ٹھیک ہے ورنہ کلاس کو ضرورت کے لحاظ سے گروپس میں تقسیم کریں اور باری باری ہر گروپ سے کورس میں نظم پڑھوائیں۔ نظم پڑھوانے سے قبل جتنی دیر بچے تیاری کریں آپ آگے دیئے گئے طریقے سے بورڈ تیار کر لیں۔ مقابلہ شروع کرنے سے قبل شرائط واضح طور پر لکھ دیں اور گروپس کے نام بورڈ پر لکھ دیں۔

## مقابلہ نظم

### شرائط

25 منٹ • پڑھنے میں روانی۔ صاف اور بلند آواز۔ عمدہ نظمیہ انداز۔ چہرے کے تاثرات اور اظہار۔

### گروپس

A- B- C- D- E

ہر گروپ اپنی باری آنے پر نظم پڑھے۔

- فیصلہ کرنے سے قبل بچوں سے مشورہ کریں کہ یہ فیصلہ درست ہے یا نہیں اگر کسی کو اعتراض ہے تو اس گروپ سے discuss کر کے انہیں مطمئن کریں۔

- جیتنے والے گروپ کو اسٹارز یا انعام دیں۔ باقی بچوں کی تالیوں سے حوصلہ افزائی کریں۔

### گھر کا کام

- نظم اچھی طرح پڑھیں اور کم از کم دس الفاظ چن کر اور ان کے معنی لغت میں سے تلاش کر کے لکھیں۔ گھر کے کسی بڑے سے یہ الفاظ معنی چیک کروا کر لائیں۔

## سیشن 2

15 منٹ • کلاس میں اردو ہوم ورک (self checking) کے ذریعے چیک کروائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کوئی بھی رنگین پنسل ہاتھ میں لے لیں۔ ٹیچر لفظ بولیں اور بچے ان کے وہ معنی بتائیں جو انہوں نے کوپی میں لکھیں ہوئے ہیں۔ اگر معنی درست ہے تو (✓) اور اگر معنی غلط ہے تو (X) کا نشان لگوائیں اور بعد میں کوپی پر اس کی اصلاح کروائیں۔

25 منٹ • بورڈ پر درج ذیل انگریزی الفاظ لکھیں اور بچوں سے کہیں ان کے اردو معنی کتاب سے تلاش کریں۔ یہ کام کرنے میں بچوں کو کافی مشکل پیش آئے گی۔ ٹیچر اگر ضرورت محسوس کریں تو ان کی مدد کرتی جائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| COAL (کوئلہ) | TAP (نل) | CLOUDS (بادل) | LEAVES (پتے) |
| DROPS (قطرے) | BLACK (کالے) | CURTAIN (پردہ) | PEEP OUT (باہر جھانکا) |
| BRANCH (شاخ) | BED (بستر) | BIRD (چڑیا) | THICK (گھنے) |
| | | | LIGHTENING (بجلی کی چمک) |

## گھر کا کام

- آج گھر جا کر کتاب کا صفحہ نمبر 1 اور 2 کھولیں اور سوچیں کہ مریم کی جگہ آپ ہیں۔ اب بتایئے آپ کو یہ موسم کیسا لگ رہا ہے؟ اپنی پسند ناپسند سے متعلق کم از کم پانچ پوائنٹس لکھ کر لائیں۔ 5 منٹ

## سیشن 3

- سبق کی پڑھائی کے بعد آج کلاس میں بچوں سے ان کی پسند کے موسم کی بات کریں۔ ان سے پوچھیں کہ وہ سردی کی بارش سے لطف اندوز ہوتے ہیں یا گرمی کی بارش سے۔ آج بچے جو اپنے پوائنٹ لکھ کر لائے ہیں وہ کلاس میں بات چیت کرنے کے لئے بہت پرجوش ہوں گے۔ آپ ان سے پوچھیں گرجتے بادل، کڑکتی بجلی، تیز ہوائیں کیسی لگتی ہیں اور کیوں؟ کلاس میں خود بخود دو گروپ بن جائیں گے۔ 10 منٹ

- آپ بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ ایک میں بارش کے موسم کو پسند کرنے والے اور دوسرے کولم میں ناپسند کرنے والوں کے بتائے پوائنٹ لکھتی جائیں اور ساتھ ساتھ اس کی وجہ بھی پوچھتی جائیں۔ ہو سکتا ہے بچے بتائیں کہ تیز بارش سے ڈر لگتا ہے۔ باہر پانی ہی پانی ہو جاتا ہے۔ گھر گیلے ہو جاتے ہیں وغیرہ۔ یا بارش کے شور سے ڈر لگتا ہے مگر پانی میں نہانے میں مزہ آتا ہے۔ پیڑ پودے دھل کر ہرے بھرے ہو جاتے ہیں۔ پکوڑے کھانے اور چائے پینے میں مزہ آتا ہے۔ مکھیاں بڑھ جاتی ہیں۔ کبھی کبھی چھت ٹپکنے لگتی ہے۔ 20 منٹ

- جب آپ سمجھیں کہ بامقصد بات چیت ہو چکی ہے تو بچوں سے کہیں کہ اب آپ اپنے دوست کو خط لکھیں اور اسے بتائیں کہ بارش کا موسم آپ کو کیسا لگتا ہے اسے اپنے احساسات بتانے کے علاوہ ماحول سے متعلق فوائد اور نقصانات بھی بتائیں۔ خط کم از کم 100-90 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ 15 منٹ

## سیشن 4

15 منٹ

- آج کلاس میں صفحہ نمبر 7 اور 8 کھلوائیں۔ بچوں سے کہیں تصویروں کو غور سے دیکھیں اور محسوس کریں کہ موسم کیسا لگ رہا ہے؟ تصویر میں بارش کے موسم میں چڑیاں بے چاری بھیگ گئی ہیں۔ مگر مریم کی پالتو بلی چین سے اندر سوتی رہی اور اب باہر جھانک رہی ہے۔ آپ کے خیال میں جانوروں کو حفاظت کی خاطر گھر میں پالنا چاہئے یا چڑیا گھر میں رکھنا چاہئے یا ان کی آزادی کا خیال رکھتے ہوئے انہیں آزاد چھوڑ دینا چاہئے۔ جب آپ بات چیت شروع کریں گی تو کلاس میں خود بخود دو گروپ بن جائیں گے۔ آپ یہ پوائنٹس بورڈ پر لکھتی جائیں۔

بات چیت کو آخری مرحلے تک لانے کے لئے ٹیچر اپنے خیالات کا بھی اظہار کریں۔ انہیں سمجھائیں بے شک آزاد ماحول میں جانور زیادہ خوش رہتے ہیں کیونکہ جو ماحول قدرت نے ان کے لئے بنایا ہے ویسا انسان نہیں بنا سکتا۔ مگر کبھی کبھار جانوروں کو دونوں طرح کے ماحول کی ضرورت ہوتی ہے۔ بعض جانور آہستہ آہستہ ختم ہو کر بالکل ناپید ہو گئے ہیں مثلاً ڈائنوسور۔ بہت سے جانور جیسے ہرے کچھوے، انڈس ڈولفن، برفانی چیتا، پانڈا وغیرہ کی نسل کی افزائش زیادہ نہیں ہو رہی۔ اگرچہ یہ پالتو جانور نہیں ہیں مگر اچھے ماحول کے لئے ان کی بہت ضرورت ہے۔ ان کی حفاظت کے لئے کوئی انتظام کرنا ضروری ہے۔ اب بچوں سے کہیں کہ کیا آپ کو اندازہ ہو گیا کہ پرندوں کو آزاد رکھنا چاہئے یا پالنا چاہئے۔

30 منٹ

- اب بچے آرام سے بیٹھی ہوئی بلی اور پانی میں بھیگی ہوئی چڑیوں کے درمیان مکالمے لکھیں۔ کتاب کا صفحہ نمبر 7 اور 8 اپنے سامنے کھلا رکھیں۔ اس سے آپ کے ذہن میں زیادہ عمدہ مکالمے آئیں گے۔ بچوں کو یہ بھی ہدایت دیں کہ وہ اپنی مرضی سے مزاحیہ، اداس یا سنجیدہ معلوماتی مکالمے لکھیں۔ یہ مکالمہ دس جملوں پر مشتمل ہوں۔ (پانچ بلی کے اور پانچ چڑیوں کے) مثلاً

بلی (کھڑکی سے جھانکتے ہوئے)

- چڑیو! مجھے تم پر رحم آ رہا ہے تم کیسے پانی میں بھیگ رہی ہو اور میں آرام سے گھر میں بیٹھی ہوں۔

چڑیا (اطمینان سے)

- بلی تم پریشان نہ ہوں۔ ہمیں تو اللہ تعالی نے پانی سے بچنے کا طریقہ بتایا ہے۔ ہم پانی جھاڑ کر آرام

سے خوبصورت موسم میں اڑتے پھریں گے۔

بلی (ترس کھاتے ہوئے)

- مگر ابھی تو تم پریشان ہو نا! اگر مریم کے پاس پنجرے میں رہتیں تو میری طرح آرام سے بغیر محنت کے مفت میں کھاتیں نہ بارش کا ڈر ہوتا نہ دھوپ کا۔

چڑیا (خوشی خوشی)

- نہیں ! نہیں بلی! ہمارے لئے قید کی زندگی سے آزادی کی تکلیف بہتر ہے۔
اس طرح بچے بات آگے بڑھائیں یا اپنی مرضی سے کچھ اور لکھیں۔

## رول پلے

- جب بچے لکھ لیں تو ہر جوڑا اپنا اپنا لکھا ہوا مکالمہ اداکاری کے ذریعے ادا کرے۔ اگر اس سیشن میں یہ activity نہ ہو پائے تو اگلے دن کر وائیں۔

## گھر کا کام

- بچوں کو بتائیں کہ کبھی بارش ہو رہی ہو اور کھیلنے کو جی چاہے تو indoor games ہی کھیلنا پڑتے ہیں۔ ہر کھیل کو کھیلنے کے کچھ اصول ہوتے ہیں' چاہے وہ گھر کے اندر کھیلے جائیں یا باہر۔ باہر کھیلنے والے کھیل' شور شرابے اور جوش وخروش کے ساتھ کھیلے جاتے ہیں مگر جو کھیل گھر کے اندر کھیلے جاتے ہیں ان کا طریقہ تھوڑا مختلف ہوتا ہے۔ کل ہم کلاس میں indoor گیمز کھیلیں گے۔ بچے اپنی مرضی کے کھیل کے بارے میں بڑوں کی مدد سے پانچ پانچ اصول لکھ کر لائیں۔

نوٹ

- ٹیچر پہلے بچوں کو گروپ میں تقسیم کر دیں یا بچے اپنی مرضی کے گروپ بنا لیں اور اساتذہ کے پاس جن کھیلوں کی سہولت میسر ہے ان کی لسٹ بورڈ پر لگا دیں۔

## سیشن 5

- آج کا پورا سیشن مندرجہ ذیل activity کے لئے ہے۔ کل بنائے گئے گروپس کو اپنی اپنی جگہ پر بٹھا 45 منٹ

دیں اور گروپ لیڈر کو ایک چارٹ پیپر دیں جس پر وہ اپنے ممبران کی مدد سے کھیل کے اصول لکھے۔ ٹیچر سے چیک کر وائے اور اس جگہ لگائے جہاں اس کا گروپ بیٹھا ہے۔ کوئی بچہ ان اصولوں کی خلاف ورزی نہیں کرے گا۔ اصول اس قسم کے ہو سکتے ہیں۔

کلاس میں زیادہ شور نہ ہو۔ زیادہ بھاگ دوڑ نہ ہو۔ کھیل کی چیز اتنی نہ اچھلے کہ کمرے میں موجود چیزوں کو نقصان ہو۔ وغیرہ وغیرہ۔ اس قسم کے اصول بچوں کو ساتھ ملا کر بنائے جائیں۔ اس طرح بچے ان اصولوں کا احترام زیادہ کریں گے۔

### نوٹ

- ٹیچر اسکول میں میسر کھیلوں کا پہلے سے انتظام کر کے رکھیں۔ مثلاً لوڈو۔ کیرم۔ ٹیبل ٹینس۔ scrabble وغیرہ۔ ورنہ passing the pillow ‘simon says یا chinese whisper والا کھیل کھلوائیں۔ اردو کے حوالے سے اس طرح کی activity کر وانے سے بچوں میں اردو کلاس میں آنے کا اور پڑھنے کا شوق بڑھے گا۔

## گھر کا کام

- بارش کے موسم میں آپ کیا کھانا پسند کرتے ہیں؟ آپ اپنی پسندیدہ چیز کے پکانے کا طریقہ چارٹ پیپر پر امی، ابو یا کسی اور بڑے کی مدد سے لکھ کر لائیں۔

# سیشن 6

## کھانا پکانے کی ترکیب

- بچوں کی لائی ہوئی کھانے کی ترکیبیں کلاس میں discuss کریں اور بورڈ پر لگائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں آپ میں سے کون کون بارش کے موسم میں سوجی کا حلوہ کھانا پسند کرتا ہے۔ کس کس کو سوجی کا حلوہ بنانا آتا ہے۔ کتاب کا صفحہ نمبر 6 کھولیں۔ کیا آپ کا دل چاہ رہا ہے کہ آپ اس وقت سوجی کا حلوہ کھائیں؟ اگر اسکول میں کچن کی سہولت میسر ہے تو ٹیچر بچوں کو وہاں لے جائیں ورنہ کلاس 45 منٹ

میں ہی بچوں کو ترکیب لکھوائیں اور ان سے کہیں کہ وہ یہ طریقہ اپنی کوپیوں میں لکھتے جائیں۔

**سوجی کا حلوہ**

**اشیاء**

| | |
|---|---|
| سوجی | ایک پیالی |
| چینی | دو پیالی |
| گھی یا تیل | ایک پیالی |
| پانی | چار پیالی |
| سفید الائچی | چار پانچ |

طریقہ

- ایک چولہے پر دیگچی میں پانی اور چینی ڈال کر ہلکی آنچ پر پکانے کے لئے رکھ دیں۔ الائچی چھیل کر اور پیس کر ڈال دیں۔ اتنا پکائیں کہ شیرا تیار ہو جائے۔ دوسرے چولہے پر گھی میں سوجی ہلکی آنچ پر بھون لیں۔ جب سوجی لال ہو جائے تو چولہا بند کر کے آہستہ آہستہ شیرا ملا دیں۔ اب اسے اچھی طرح پکائیں۔ یہاں تک کہ یہ مکس ہو جائے۔ لیجئے گرما گرم حلوہ تیار ہے۔

اگر یہ حلوہ اسکول میں پکایا جاسکے تو پکا کر سب بچوں میں بانٹ دیں۔ ورنہ بچوں سے کہیں وہ بھی گھر جا کر کسی بڑے کی مدد سے ایسا حلوہ بنائیں۔

## سیشن 7

20 منٹ

- صفت کسی چیز کی خوبی یا خامی کو کہتے ہیں۔ موصوف اسے کہتے ہیں جس کے بارے میں صفت کہی جائے۔ کتاب میں سے دس صفت موصوف کے جوڑے نکالیں اور ان کی مدد سے ایک نئ نظم لکھیں۔
ٹیچر کی سہولت کے لئے کتاب میں موجود صفت موصوف کے جوڑے بتائے جا رہے ہیں۔

کالے بادل    تیز ہوا    ٹکراتے پتے    لال کوئلے    سہمی چڑیا

برستا پانی    سوندھی خوشبو    سوجی کا حلوہ

آپ کو اس کے علاوہ بھی صفت موصوف کے جوڑے مل سکتے ہیں۔ آپ بچوں کو اشارہ دینے کے لئے دی گئی نظم پڑھ کر بتا سکتے ہیں یا بورڈ پر لکھ کر مدد کر سکتے ہیں۔ مگر بچوں سے کہیں کہ وہ خود کوشش کریں۔

## نظم

کالے گہرے بادل آئے
دیکھتے دیکھتے ہر سو چھائے
زور زور سے وہ ٹکرائے
تیز ہوا بھی شور مچائے
کھڑکی کے پردے لہرائے
مٹی کی سوندھی خوشبو آئے
سوجی کے حلوے کو دل للچائے
لو بھئی ٹپ ٹپ بادل برسے
سہمی چڑیا کا دل دھڑکے
سورج، سورج کوئی تو لائے
تھوڑا سا وہ نظر تو آئے
دل سبزہ اور گھر گرمائے

| | |
|---|---|
| 25 منٹ | • بچے اپنی اپنی نظمیں لکھنے کی کوشش کریں۔ وہ جیسا بھی لکھیں ان کی اصلاح کر کے حوصلہ افزائی کریں۔ اگر نظم مکمل نہ ہوئی ہو تو گھر پر مکمل کرنے کی اجازت دے دیں۔ اگر وہ چاہیں تو گھر میں کسی کی مدد لے سکتے ہیں۔ |

## سیشن 8

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • بچوں نے نظم اندر باہر پڑھی وہ باری باری اپنی رائے کا اظہار کریں۔ کتاب۔ ٹائٹل۔ تصاویر۔ مفہوم۔ ہر چیز پر تبصرہ کریں۔ |
| 25 منٹ | • ٹیچر کتاب میں سے کچھ آسان اور کچھ مشکل الفاظ کا املا لیں۔ اگلے دن تبصرہ چیک کیا جائے اور بہترین لکھے گئے تبصرے سوفٹ بورڈ پر لگائیں۔ |

# اندر باہر
## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale